جمہوریہ جنوبی افریقہ روانگی سے قبل وزیر اعظم کا بیان

21 نومبر، 2025

میں عزت مآب جناب سیرل رامافوسا کی دعوت پر جوہانسبرگ میں جنوبی افریقہ کی صدارت میں منعقد ہونے والے جی20 کے 20ویں لیڈرز سربراہ اجلاس میں شرکت کی غرض سے مورخہ 21-23 نومبر، 2025 کو جمہوریہ جنوبی افریقہ کا دورہ کر رہا ہوں.

یہ سربراہ اجلاس خاص اہمیت کا حامل ہوگا کیونکہ یہ افریقہ میں منعقد ہونے والا پہلا جی20 سربراہی اجلاس ہوگا. 2023 میں جی20 کی بھارتی صدارت کے دوران، افریقی یونین نے جی20 کی رکنیت حاصل کی تھی.

یہ سربراہی اجلاس دنیا کے اہم مسائل پر تبادلۂ خیال کرنے کا ایک موقع فراہم کرے گا. اس سال جی20 کا موضوع "یکجہتی، مساوات اور پائیداری" رہا ہے، جس کے ذریعے جنوبی افریقہ نے نئی دہلی، بھارت اور ریو ڈی جینیرو، برازیل میں ہونے والے پچھلے سربراہ اجلاس کے نتائج کو آگے بڑھایا ہے. میں سربراہ اجلاس میں بھارت کے نقطۂ نظر "وسودھیو کٹمبکم" اور "ایک زمین، ایک خاندان، ایک مستقبل" کے ہمارے وژن کے مطابق پیش کروں گا۔

میں اس اجلاس میں شریک ممالک کے رہنماؤں کے ساتھ ملاقات اور سربراہ اجلاس کے موقع پر طے شدہ 6ویں آئی بی ایس اے سربراہ اجلاس میں اپنی شرکت کا شدت سے منتظر ہوں.

اس دورے کے دوران میں جنوبی افریقہ میں مقیم بھارتی نژاد برادری سے ملاقات کا بھی منتظر ہوں، جو بھارت سے باہر سب سے بڑی برادریوں میں سے ایک ہے.

نئی دہلی
21 نومبر 2025